# کیرلا ریڈر

# اردو

# پانچویں جماعت

# Kerala Reader

## URDU

**Standard**

**V**

**GOVERNMENT OF KERALA**

**DEPARTMENT OF EDUCATION**

*Prepared by*

State Council of Educational Research and Training (SCERT)

Kerala

2024

# قومی ترانہ

جن گن من ادِھ نایک جئے ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب سندھ گجرات مراٹھا
دراوڑ اتکل بنگا
وندھیہ ہماچل یمنا گنگا
اچھل جل دھی ترنگا
تواشبھ نامے جاگے
تاوشبھ آشش ماگے
گاہے تواجیا گاتھا
جن گن منگل دایک جئے ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جیہ ہے جیہ ہے جیہ ہے
جیہ جیہ جیہ جیہ ہے !

# عہد نامہ

ہندوستان میرا وطن ہے۔ تمام ہندوستانی میرے بھائی اور بہن ہیں۔ میں اپنے ملک سے محبت کرتا ہوں اور مجھے اس کے متونع اور بیش بہا ورثے پر فخر ہے۔ میں ہمیشہ اس کے شایانِ شان بننے کی کوشش کروں گا۔ میں اپنے والدین، اساتذہ اور بزرگوں کا ادب کروں گا اور ہر ایک کے ساتھ خوش خلقی سے پیش آؤں گا۔ میں اپنے ملک اور لوگوں سے حقیقت کا عہد کرتا ہوں، ان کی بھلائی اور خوش حالی میں میری خوشی مضمر ہے۔

**Prepared by:**
State Council of Educational Research & Training (SCERT)
Poojappura, Thiruvananthapuram-12, Kerala
E-mail : scertkerala@gmail.com
© Government of Kerala, Department of General Education
First Edition: 2024
Printed at: KBPS, Kakkanad, Kochi-30

پیارے بچّو،

خوش آمدید

لیجیے، پانچویں جماعت کی کتاب

'کیرلا ریڈر اردو' آپ کے سامنے ہے۔

اس میں آپ کی دلچسپی کے لیے بہت کچھ ہیں۔

گانے کے لیے چھوٹی چھوٹی نظمیں ہیں اور سننے کے لیے

اچھی اچھی کہانیاں بھی۔

آیئے، دلچسپی سے پڑھیے اور لطف اٹھایئے۔

ڈاکٹر جے پرکاش ۔ آر ۔ کے
ڈائریکٹر
ایس ۔ سی ۔ ای ۔ آر ۔ ٹی، کیرلا

# TEXT BOOK DEVELOPMENT COMMITTEE

## URDU STD V

### ADVISOR:

**BAB U KARATHAN** , Research Officer (Rtd), SCERT Kerala

### CHAIRMAN:

**Dr. KAMARUNN EESA K** , HOD, SSUS RC Koyilandi , Kozhikode

### EXPERTS:

**ABDU NAZIR KUYYIL** , HST (Rtd), GHSS Vazhakkad Malappuram

**Dr. MOHAMMAD RIZWAN ANSARI** , Assistant Professor, University of Calicut

**Dr. MUHAMMED AMAN AK**, Assi stant Professor , University of Calicut

**N. MOIDEEN KUTTY**, Research Officer (Rtd), SCERT Kerala

**P. MUHAMMED KUTTY**, Sr. Lecturer (Rtd), DIET Palakkad

**Dr. SAYED SAJJAD HUSSAIN** , Prof. & HoD Urdu (Rtd), University of Madras

### PARTICIPANTS:

**ABOOBACKER C T**, GHSS KODUVALLY, KOZHIKODE

**AYESHA K**, CRCC BRC. CHOWANNOR, THRISSUR

**Dr. HIJAS LATHEEF C C O**, GUPS NIRAMARUTHUR, MALAPPURAM

**HUSSAIN M**, JLT (Rtd), VAUPS MANGALAM, MALAPPURAM

**JIJI K** , St. GEMMAS CUPS MANAKOD Y, THRISSUR

**LATHEEF C M**, GOVT. T T I (W), NADAKKAVU, KOZHIKODE

**MUHAMMED KOYA P P**, PKMAUPS CHITILAMCHERY PALAKKAD

**MUHSINA C**, GHSS THIRURANGADI, MALAPPURAM

**RAJESH K G**, AUPS THARUR, PALAKKAD

**SAINUDHEEN M C**, AMUPS VALLUVAMBRAM, MALAPPURAM

### ARTISTS:

**DEVARAJAN P**, Drawing tr. (Rtd), GHSS Neeleswaram , Kozhikode

**KARIM MUKKAM**, Graphic Designer, Mukkam Kozhikode

**K.REJIKUMAR** , GHSS Madappally, Kozhikode

**RADHAKRISHNAN** , Drawing tr. (Rtd), GHSS Mavoor Kozhikode

### ACADEMIC CO-ORDINATOR:

**Dr. M.T. SASI**

Research Officer, SCERT Kerala

**State Council of Educational Research and Training (SCERT)**

Poojappura, Thiruvananthapuram-12, Kerala

# بھارت کا آئین

## تمہید


ہم بھارت کے عوام متانت و سنجیدگی سے عزم کرتے ہیں بھارت کو ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں:

انصاف، سماجی، معاشی اور سیاسی،
آزادیِ خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت،
مساوات بہ اعتبار حیثیت اور موقع،
اور ان سب میں
اخوت کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور سالمیت کا تیقن ہو،

اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبیس نومبر، 1949ء کو یہ آئین ذریعہ ہذا اختیار کرتے ہیں، وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔

# فہرست

## یونٹ I گھر بسائیں





| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ابّا آئے | نظم | 11 |
| ۲ | آپ کیسے ہیں؟ | گفتگو | 18 |
| ۳ | میرا گھر | بیانیہ | 25 |
| ۴ | میاؤں میاؤں | نظم | 31 |
| ۵ | ننّھا منّا کوّا | کہانی | 37 |


## یونٹ II اسکول چلیں




| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | میری دعا | نظم | 49 |
| ۲ | مبارک ہو! | گفتگو | 53 |
| ۳ | ہمارا اسکول | بیانیہ | 61 |
| ۴ | انمول تحفہ | کہانی | 66 |
| ۵ | آؤ! مل کر کھیلیں | نظم | 76 |


## یونٹ III ملیں جلیں






| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | بازار چلیں | گفتگو | 84 |
| ۲ | گھر بنائیں | کہانی | 91 |
| ۳ | سرکس آیا | نظم | 99 |
| ۴ | سمندر کی سیر | بیانیہ | 104 |
| ۵ | پانی سب کے لیے | کہانی | 111 |

یونٹ ۱


# گھر بسائیں



تصویر میں کیا کیا ہیں؟

تصویر میں کون کون ہیں؟

## سبق ۱




ابّا جان آئے۔


ابّا جان بازار سے آئے۔

ابّا جان آم لائے۔

ابّا جان پکّے پکّے آم لائے۔




آؤ ، اجمل بھیّا...!   ابّا جان آئے...
میٹھے میٹھے آم لائے...!
دونوں ابّا جان کے پاس گئے۔
نوری خوشی سے گیت گانے لگی۔



# ابّا آئے ...!

آئے میرے ابّا آئے
میٹھے میٹھے آم لائے
آئے پیارے ابّا آئے
تازے تازے آم لائے
آئی میری امّی آئی
میری پیاری امّی آئی





آئی میری دادی آئی
میری پیاری دادی آئی
آئے میرے دادا آئے
پکّے پکّے آم کھائے
بہنا آئی بھیّا آئے
سب نے مل کر آم کھائے



# تعلیمی سرگرمیاں



بچّو! گیت 'ابّا آئے' مل کر گائیں۔



بچّو! تصویر دیکھیے اور جملے پڑھیے۔



یہ امّی ہے



یہ ابّا ہے



یہ دادی ہے



یہ دادا ہے



امّی آم لائی



ابّا آم لائے



آم



دادی آم لائی




دادا آم لائے



بچّو! نوری کے گھر میں ابّا، امّی، دادا، دادی، بھائی اور بہن ہیں۔ آپ کے گھر میں کون کون ہیں؟







بچّو! اپنے گھر کے بارے میں جملے لکھیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| گھر | میں | ابّا | ہے۔ | گھر میں ابّا ہے۔ |
| گھر | میں | امّی | ......... | ......... |
| ......... | میں | دادا | ہے۔ | ......... |
| ......... | ......... | دادی | ......... | ......... |
| ......... | ......... | ......... | ہے۔ | ......... |




## پڑھیے ، رنگ بھریے اور جملے بنائیے۔

آم



انار



یہ.......................ہے۔

یہ.......................ہے۔

## الفاظ پڑھیے اور مناسب خانوں میں لکھیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| انار | آلو | آم | امّی |
| آج | امرود | آگ | ابّا |

| ا | آ |
|---|---|
| انار | آلو |
| | |
| | |
| | |

بچّو ! گیت ترنّم سے گائیں۔

میری امّی پیاری ہے
کتنی اچھی امّی ہے
مجھ کو دودھ پلاتی ہے
مجھ کو لوری سناتی ہے

## دیگر سرگرمیاں

بچّو! امّی اور ابّا کے متعلق گیت جمع کیجیے۔

پسندیدہ گیت ترنّم کے ساتھ گائیے۔

بچّو! تصویر کو رنگ بھریے اور چند جملے لکھیے۔




## سبق ۲



نوری آنگن میں ہے۔

وہ بلّی کے ساتھ کھیلتی ہے۔

امّی اس کے پاس آئیں۔




دیکھو بیٹی،


وہ کون آ رہے ہیں؟

# آپ کیسے ہیں؟

چاچا کو دیکھ کر نوری بہت خوش ہوئی۔




یہ لیجیے بیٹی!
یہ کیا ہے چاچا؟


مٹھائی ہے بیٹی۔
مٹھائی! شکریہ چاچا۔

# تعلیمی سرگرمیاں

بچّو، نوری اور چاچا کی گفتگو رول پلے کیجیے۔

سوالوں کے جواب لکھیے۔

- نوری کہاں ہے؟

نوری ................. میں ہے۔

- نوری کے گھر میں کون آئے؟

نوری کے گھر میں ................. آئے۔

- چاچا، نوری کے لیے کیا لائے؟

چاچا، نوری کے لیے............ لائے۔

بچّو! نوری اپنے بارے میں کچھ کہہ رہی ہے۔ پڑھیے۔



بچّو، نیچے دیے ہوئے سوالوں کی مدد سے آپس میں بات کیجیے۔

- آپ کا نام کیا ہے؟

میرا نام.................................ہے۔

- آپ کا گھر کہاں ہے؟

میرا گھر ................................ ہے۔

- آپ کس کلاس میں پڑھتے ہیں؟

میں پانچویں جماعت میں ..................ہوں۔

- آپ کے گھر میں کون کون ہیں؟

میرے گھر میں.................................ہیں۔

- آپ کا دوست کون ہے؟

.............................................ہے۔

پڑھیے اور لکھیے۔

آپ کون ہیں؟ میں نوری ہوں۔ میں ایک لڑکی ہوں۔

آپ کون ہیں؟ میں جوزف ہوں۔ میں ایک لڑکا ہوں۔

آپ کون ہیں؟ ...................... ......................





بچّو، یہ نوری کا گھر ہے۔ نوری آنگن میں ہے۔
نوری کے پاس بلّی ہے۔ نوری کے ہاتھ میں مٹھائی ہے۔
تصویر دیکھ کر سوالوں کے جواب لکھیے۔

۱ یہ کس کا گھر ہے؟

..................................................

۲ نوری کے پاس کون ہے؟


..................................................

۳ نوری کے ہاتھ میں کیا ہے؟

..................................................

## تصویروں میں رنگ بھریے اور جملے بنائیے۔

بکری



یہ ............ ہے۔

پتنگ



یہ ............ ہے۔

توتا



یہ ............ ہے۔

ٹوپی



یہ ............ ہے۔

ٹماٹر



یہ ............ ہے۔

ثمر



یہ ............ ہے۔

## سبق ۳

جوزف نوری کا دوست ہے۔


وہ نوری کے گھر آیا۔

جوزف کے ساتھ چھوٹی بہن بھی ہے۔

اس کا نام سونی ہے۔

نوری اپنے گھر کے بارے میں سونی سے کہنے لگی۔





# میرا گھر

یہ میرا گھر ہے۔

میرا گھر چھوٹا ہے۔

میرے گھر میں امّی اور ابّا ہیں۔

میرا ایک بڑا بھائی ہے۔

میری ایک چھوٹی بہن ہے۔

میرے گھر میں دادا اور دادی بھی ہیں۔

ہمارا گھر پیارا پیارا ہے۔

# تعلیمی سرگرمیاں

بچّو، 'میرا گھر' غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔

- نوری کے گھر میں کون کون ہیں؟


نوری کے گھر میں.................................

نوری کا گھر کیسا ہے؟

..........................................................

بچّو، جوزف اور سونی نوری کے کمرے میں ہیں۔
نوری اپنے کمرے کے بارے میں کہنے لگی۔





میز

کرسی



پنکھا



گھڑی



الماری





پلنگ

گیند

یہ کمرہ ہے۔

کمرے میں **پلنگ** ہے۔

کمرے میں ............................ ہے۔

کمرے میں............ اور.......... ہیں۔

دیوار پر......................... ہے۔

چھت پر................ ہے۔



## بچّو! پڑھیے اور لکھیے۔

یہ میرے ابّا ہیں۔

یہ میری امّی ہیں۔

یہ میرا بھائی ہے۔

یہ میری بہن ہے۔

یہ میرا گیند ہے۔

یہ میری ٹوپی ہے۔





یہ.............. بکرا ہے۔



یہ.............. بکری ہے۔




یہ..............مرغا ہے۔



یہ..............مرغی ہے۔



یہ ..............بیل ہے۔



یہ..............گائے ہے۔

رنگ بھریے، پڑھیے اور لکھیے۔

جوتا



یہ ............... ہے۔

جگ



یہ ............... ہے۔

چابی




یہ ............... ہے۔

چڑیا




یہ ............... ہے۔

حلوہ



یہ ............... ہے۔


خرگوش



یہ ............... ہے۔

## دیگر سرگرمی

بچّو، گھریلو چیزوں کی تصویریں جمع کیجیے اور جملے لکھیے۔



سبق ۴

نوری کی امّی چائے لے کر آئی۔

امّی کے ساتھ بلّی بھی میاؤں میاؤں کرتی آئی۔

دیکھو، یہ میری بلّی ہے۔

اس کا نام لالی ہے۔

اِس کی آنکھیں نیلی نیلی ہیں۔

میرے ساتھ چلتی پھرتی ہے۔

# میاؤں میاؤں

نوری اپنی پیاری بلّی کے بارے میں گانے لگی۔

لالی میری بلّی ہے
کتنی پیاری لگتی ہے
نیلی آنکھوں والی ہے
کتنی نیاری لگتی ہے
صبح سویرے اُٹھتی ہے
پاس مرے آجاتی ہے
ہرجا چلتی پھرتی ہے
میاؤں میاؤں کرتی ہے



# تعلیمی سرگرمیاں

بچّو! آؤ یہ گیت ہم سب مل کر گائیں۔

بچّو ! گیت پڑھ کر سوالوں کے جواب دیجیے۔

- نوری کی بلّی کا نام کیا ہے؟

..................................



- بلّی کی آنکھیں کیسی ہیں؟

..................................

- بلّی کیا کرتی ہے؟

..................................

شعر غور سے پڑھیے۔

اس میں سے ہم آواز الفاظ پہچانیے۔

ہر جا چلتی **پھرتی** ہے

میاؤں میاؤں **کرتی** ہے

تصویر کو غور سے دیکھیے۔ اس میں ایک جانور چھپا ہوا ہے۔
اس کا نام لکھیے۔ رنگ بھریے اور اس کے بارے میں جملے لکھیے۔



یہ..............................ہے۔

اُس کا نام....................ہے۔

وہ ......................کرتی ہے۔

..................................

بچّو! گیت بار بار پڑھیے۔

بکری میری بھولی بھالی
کچھ تو بھوری کچھ تو کالی
میں میں کر کے شور مچاتی
پانی پیتی چارہ کھاتی

اس میں چند ہم آواز الفاظ آئے ہیں۔ چن کر لکھیے۔

.................. ..................

.................. ..................

بچّو، تصویر دیکھیے۔

ان میں سے پالتو جانوروں کے نام چن کر لکھیے۔



کتّا



شیر



خرگوش



بلّی



بندر



بکری

| پالتو جانور |
| --- |
| ............................ |
| ............................ |
| ............................ |
| ............................ |

## اپنے پسندیدہ پالتو جانور کے بارے میں جملے لکھیے۔

یہ ........................................ ہے۔

یہ ایک .................................. ہے۔

...........................................................

...........................................................

## رنگ بھریے، پڑھیے اور لکھیے۔

دوات




یہ ............... ہے۔

دروازہ



یہ ............... ہے۔


دھنک



یہ ............... ہے۔

# دیگر سرگرمی

بچّو! پالتو جانوروں کے بارے میں چھوٹی چھوٹی نظم یا گیت جمع کر کے کلاس میں پیش کیجیے۔



## سبق ۵

نوری، جوزف اور سونی آنگن میں ہیں۔


نوری اور جوزف چوزوں کو دانہ دے رہے ہیں۔

ناریل کے پیڑ پر ایک توتا

'ٹیں ٹیں... ٹیں ٹیں...' کرنے لگا۔

پاس ہی ایک کوّا اُڑ رہا تھا۔

یہ دیکھ کر جوزف کو ایک کہانی یاد آئی۔



# ننّھا منّا کوّا


آم کے پیڑ پر ایک کوّا رہتا تھا۔

اس کے چھوٹے چھوٹے بچّے تھے۔

پیڑ کے نیچے مرغی کا ایک ڈربہ تھا۔

پاس ہی ناریل کا ایک پیڑ بھی تھا۔

اس پر ایک توتا رہتا تھا۔




ایک دن کوّا کھانے کی تلاش میں باہر گیا۔

اچانک تیز ہوا چلی۔

زوردار بارش ہوئی۔

ایک ننّھا کوّا گھونسلے سے نیچے گر پڑا۔



’کائیں... کائیں...!‘

’بچاؤ... مجھے بچاؤ... !‘

ننّھا کوّا رونے لگا۔

آواز سن کر توتا پیڑ کے سوراخ سے باہر آیا۔


مرغی بھی ڈربے سے باہر آئی۔

’ارے ننّھے کوّے...

ڈرو مت...! رو مت...‘



توتا اور مُرغی ننّھے کوّے کو
ڈربے میں لے آئے۔
ننّھے کوّے کی جان بچائی۔
اتنے میں کوّا واپس آیا۔
دیکھا تو گھونسلے میں ایک بچّہ نہیں تھا۔
پریشان ہوکر وہ اِدھر اُدھر اڑنے لگا۔





مُرغی اور توتا باہر آئے۔


’پریشان مت ہو...!

آپ کا بچّہ میرے ڈربے میں ہے‘۔

توتے نے کوّے سے ساری باتیں بتائیں۔

کوّا بہت خوش ہوا

اور ان کا شکریہ ادا کیا۔



# تعلیمی سرگرمیاں

بچّو، کہانی 'ننّھا منّا کوّا' غور سے پڑھیے۔

سوالوں کے جواب لکھیے۔

- ناریل کے پیڑ پر کون رہتا تھا؟

..............................................................................

- ننّھا کوّا گھونسلے سے کیسے گر پڑا؟

..............................................................................

- توتا اور مرغی ننّھے کوّے کو کہاں لے آئے؟

..............................................................................

- کوّا کیوں پریشان ہوا؟


..............................................................................

بچّو، پرندوں کو پہچانیے اور رنگ بھریے۔

مرغا



کوّا



کبوتر



## پسندیدہ پرندے کے بارے میں جملے لکھیے۔

یہ ............................................ ہے۔

............................................ پرندہ ہے۔

اس کا رنگ ................................ ہے۔

....................................................................

....................................................................

## بچّو، پرندوں کو دیکھیے۔

## ان کی آواز کے مطابق پہچان کر لکھیے۔

## جوڑ کر جملے بنائیے۔





| | |
|---|---|
| کوکو | کوکو |
| غٹرغوں | غٹرغوں |
| کائیں | کائیں |
| ٹیں | ٹیں |
| ککڑوں کوں | ککڑوں کوں |







جیسے : کبوتر غٹر غوں غٹر غوں کرتا ہے۔

کوّا ............................ کرتا ہے۔

کوئل ....................................

مرغا ....................................

توتا ....................................



## پہیلی بوجھیے۔

| | |
|---|---|
| 'ٹیں ٹیں ٹیں ٹیں' کرتا ہوں۔<br>رنگ ہے میرا ہرا ہرا<br>بولو بولو کون ہوں میں؟ | توتا |
| 'کائیں کائیں' کرتا ہوں۔<br>رنگ ہے میرا کالا کالا<br>بولو بولو کون ہوں میں؟ | .................................. |
| 'ککڑوں کوں' کرتا ہوں۔<br>صبح سویرے اٹھتا ہوں<br>بولو بولو کون ہوں میں؟ | .................................. |

## تصویروں کی مدد سے کہانی پوری کیجیے۔

ایک  ............ تھا۔ اس کا ایک  ............ تھا۔


ایک دن  ............ اپنے پودوں کو پانی دے رہا تھا۔

اس وقت ایک  ............ اور  ............ وہاں آئے۔

دونوں  ............ کی مدد کرنے لگے۔  ............ بہت خوش ہوا۔

## پڑھیے رنگ بھریے اور جملے بنائیے۔

ڈھول



یہ ............ ہے۔

ڈربہ



یہ ............ ہے۔

ذخیرہ



یہ ............ ہے۔

# فرہنگ

| | | |
|---|---|---|
| ജീവൻ | Life | جان |
| അമ്മാവൻ | Uncle | چاچا |
| കോഴിക്കുഞ്ഞ് | Chick | چوزہ |
| ചെറുത് | Small | چھوٹا |
| സന്തോഷം | Happy | خوشی |
| ധാന്യം | Grain | دانہ |
| കൂട്ടുകാരൻ | Friend | دوست |
| നോക്കുക | Look | دیکھنا |
| കോഴിക്കൂട് | Coop | ڈربہ |
| ഭയപ്പെടുക | Fear | ڈرنا |
| കരയുക | Cry | رونا |
| താമസിക്കുക | Stay | رہنا |
| ശക്തമായ | Strong | زوردار |
| പൊത്ത് | Hole | سوراخ |
| നന്ദി | Thanks | شکریہ |
| രാവിലെ | Morning | صبح |
| കഥ | Story | کہانی |
| പറയുക | To say | کہنا |
| ഭക്ഷണം | Food | کھانا |
| കളിക്കുക | Play | کھیلنا |
| എന്ത് | What | کیا |
| എങ്ങനെ | How | کیسا |

| | | |
|---|---|---|
| എഴുന്നേൽക്കുക | Rise up | اٹھنا |
| പെട്ടെന്ന് | Suddenly | اچانک |
| പറക്കുക | Fly | اڑنا |
| എല്ലായിടത്തും | Everywhere | اِدھر اُدھر |
| വരിക | Come | آنا |
| മുറ്റം | Yard | آنگن |
| കാര്യം | Matter | بات |
| അങ്ങാടി | Market | بازار |
| പുറത്ത് | Outside | باہر |
| രക്ഷിക്കുക | To Save | بچانا |
| കുട്ടി | Child | بچّہ |
| സഹോദരി | Sister | بہن |
| സഹോദരൻ | Brother | بھائی |
| അടുത്ത് | Near | پاس |
| അസ്വസ്ഥൻ | Worried | پریشان |
| പാകമായ | Ripen | پکّا |
| പ്രിയപ്പെട്ട | Dear | پیارا |
| മരം | Tree | پیڑ |
| പുതിയ | Fresh | تازہ |
| അന്വേഷണം | Enquiry | تلاش |
| ശക്തമായ | Heavy | تیز |
| ശരി | Allright | ٹھیک |

یونٹ ۲

# اسکول چلیں





## سبق ۱

روبی اسکول جاتی ہے۔


آج اسکول میں اسمبلی ہے۔

روبی جلدی جلدی اسکول پہنچی۔

# میری دعا

اسمبلی میں بچے دعا کرنے لگے۔

اے خدا اے خدا
سن لے میری دعا
مجھ کو اچھا بنا
مجھ کو سچا بنا
کر تُو مجھ پہ کرم
کر تُو مجھ پہ رحم
نیک تُو کر مجھے
علم تُو دے مجھے



# تعلیمی سرگرمیاں

بچّو! یہ دعائیہ نظم مل کر گائیں ۔

یہ نظم ترنّم کے ساتھ گائیں ۔

بچّو، یہ شعر بار بار پڑھیے ۔

مجھ کو اچھا بنا　　مجھ کو سچا بنا

کر تُو مجھ پہ کرم　　کر تُو مجھ پہ رحم

یہ گیت غور سے پڑھیے اور اس میں سے ہم آواز الفاظ چن کر لکھیے ۔

ہر ہر چیز بنائی تو نے

دنیا خوب سجائی تو نے

تاروں کو چمکایا تو نے

روشن چاند بنایا تو نے

............................　　............................

............................　　............................



بچّو، نظم 'میری دعا' میں بچّہ کیا کیا مانگتا ہے ؟

جیسے : تو مجھے علم دے ۔

تو مجھے...............................

تو مجھ کو.............................

.......................................

تو مجھ پہ.............................

.......................................



بچّو، گوشہء مطالعہ سے دعائیہ نظمیں جمع کریں اور ترنّم کے ساتھ پیش کریں۔

سبق ۲

اسمبلی ختم ہوا۔

ٹیچر کلاس میں آئیں۔

روبی کے ہاتھ میں ایک پودا ہے۔

وہ پودا لے کر ٹیچر کے پاس آئی۔



# مبارک ہو!

روبی: آداب ٹیچر!

ٹیچر: آداب! آپ کے ہاتھ میں کیا ہے؟

روبی: یہ ایک پودا ہے۔

ٹیچر: یہ کون سا پودا ہے؟

روبی: یہ امرود کا پودا ہے۔



ٹیچر: آپ اس کا کیا کریں گی؟

روبی: آج میرا جنم دن ہے۔

میں اسے اسکول کے باغ میں لگاؤں گی۔

ٹیچر: شاباش! جنم دن مبارک ہو۔

روبی: شکریہ ٹیچر!



# تعلیمی سرگرمیاں

بچّو، روبی اور ٹیچر کی گفتگو رول پلے کریں ۔

بچّو، اسکول کے باغ میں کئی طرح کے پھول' پودے اور تتلیاں ہیں ۔

تصویر دیکھیے اور جملے پڑھ کر مناسب رنگ بھریے ۔



یہ لال گلاب ہے ۔



یہ پیلا سورج مکھی ہے۔



یہ کالی تتلی ہے۔



یہ ہرا پتّا ہے۔

## مناسب رنگ کے نام چن کر جملے پورا کیجیے ۔

ہرا | کالا | سفید | نیلا | پیلا | لال

جیسے:



یہ کالی چھتری ہے ۔



یہ ............ غبارہ ہے ۔



یہ ............ تربوز ہے ۔



یہ ............ سیب ہے ۔



یہ ............ کیلا ہے۔



یہ ............ انڈا ہے ۔

روبی نے جنم دن پر اسکول کے باغ میں پودا لگایا۔

بچّو! آپ کے اسکول میں جنم دن پر کیا کیا کرتے ہیں؟ لکھیے۔

.................... .................... ....................

شام کو روبی خوشی خوشی گھر پہنچی۔ روبی امّی کو پکارنے لگی۔

امّی اور روبی کی گفتگو تیار کیجیے۔

روبی : امّی جان! امّی جان!!

امّی : کیا بات ہے بیٹی؟ آپ نے پودا لگایا؟

روبی : ..............................................

امّی : پودا کہاں لگایا بیٹی ؟

روبی : ..............................................

امّی : ..............................................

روبی : ..............................................

امّی : بہت اچھا ۔

روبی : شکریہ ۔

گفتگو رول پلے کر کے پیش کریں۔



بچّو! خانے میں چند چیزوں کے نام ہیں۔
ڈھونڈ کر دائرہ بنائیے اور جملے پورے کیجیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پ | و | د | ا | ب |
| د | ا | ک | س | ا |
| آ | م | س | ک | غ |
| ج | ط | پھ | و | ل |
| چ | ت | ت | ل | ی |

جیسے: یہ پودا ہے۔

یہ ..............ہے۔ یہ ..............ہے۔

یہ ..............ہے۔ یہ ..............ہے۔


یہ ..............ہے۔

روبی کے جنم دن پر اس کی سہیلی ثانیہ نے گریٹنگ کارڈ تیار کر کے دیا۔ بچّو! آپ بھی اپنے دوست کے لیے گریٹنگ کارڈ تیار کیجیے۔



سبق ۳

آج روبی کا سال گرہ تھا۔
وہ دوستوں کے ساتھ اسکول میں خوشی خوشی سے سال گرہ منایا۔
روبی بہت خوش ہوئی۔ رات کا کھانا کھاکر روبی دادی امّاں کے ساتھ
سونے گئی۔ وہ اپنے اسکول کے بارے میں سوچنے لگی۔



# ہمارا اسکول

یہ ہمارا اسکول ہے۔

ہمارا اسکول خوب صورت ہے۔

اسکول میں ہم اردو پڑھتے ہیں۔

ہمارے اسکول کے سامنے ایک باغ ہے۔

اسکول کے پاس ایک بڑا میدان ہے۔

لڑکے میدان میں فٹ بال کھیلتے ہیں۔

لڑکیاں جھولا جھولتی ہیں۔

اسکول کے سامنے سڑک ہے۔

ہمارا اسکول کتنا پیارا ہے۔



# تعلیمی سرگرمیاں



بچّو! روبی اسکول جانے کی تیّاری میں ہے ۔
روبی کے میز پر کئی چیزیں ہیں ۔ وہ کیا کیا ہیں؟ لکھیے ۔

چھتری ................ ................

................ ................ ................

بچّو، ان الفاظ کی مدد سے جملے بنائیے ۔

جیسے : میز پر چھتری ہے ۔

..................................

..................................

..................................

بچّو! تصویر غور سے دیکھیے اور جملے لکھیے۔

جیسے :





بلّی کے پاس مرغی ہے۔ ..............................






اسکول کے سامنے سڑک ہے ۔ ..............................

بچّو، گیت کو غور سے پڑھیے۔

میری اچّھی پیاری تتلی رنگ برنگی پیاری تتلی
پھولوں جیسی پیاری تتلی ننّھی تتلی پیاری تتلی

اس گیت کی مدد سے تتلی کے بارے میں جملے لکھیے۔


جیسے: میری تتلی پیاری ہے۔

میری تتلی ................ہے۔

........................ تتلی ہے۔

......................................

بچّو! نقطوں کو جوڑ کر تصویر بنائیے۔





| | | | |
|---|---|---|---|
| (۳) ب | ا | (۲) ل | (۱) گ |
| ک | | و | |
| ر | و | (۴) م | |
| ی | | ڑ | |
| | | ی | |





بچّو' نیچے دیے ہوئے جملے غور سے پڑھیے۔



تصویر دیکھ کر نام چن کر لکھیے۔

۱)   پھولوں کا راجا ہے ۔



گلابی رنگ ہے ۔   گلاب

۲)   چالاک جانور ہے ۔

مرغی کو پکڑتی ہے ۔   ..............................

۳) ' میں میں میں میں' کرتی ہے۔

گھاس اور پتّا کھاتی ہے ۔ ..............................


۴)   ایک خوب صورت پرندہ ہے ۔

اچھی طرح ناچتا ہے۔ ..............................

آج گاندھی جینتی ہے۔
ٹیچر کلاس میں آئی۔ بچّوں سے کہنے لگیں۔
بچّو! آج ہم گاندھی جی کی ایک کہانی سنیں گے۔


# انمول تحفہ

کاکا کالیلکر گاندھی جی کے دوست تھے۔
ایک دن وہ گاندھی جی سے ملنے آئے۔
اس وقت گاندھی جی اِدھر اُدھر
کچھ تلاش کر رہے تھے۔
باپو! آپ کیا تلاش
کر رہے ہیں؟





کاکا! میری ایک پنسل
گُم ہوگئی ہے۔
باپو! یہ لیجیے میری پنسل!
نہیں کاکا! مجھے وہی
پنسل چاہیے۔
باپو جی کی پریشانی
دیکھ کر کاکا بھی
پنسل تلاش کرنے لگے۔
آخر ایک کتاب کے اندر سے
پنسل ملی۔
پنسل پاکر گاندھی جی بہت خوش ہوئے۔
ان کی خوشی دیکھ کر کاکا نے پوچھا۔
باپو! اس پنسل کی کیا خاص بات ہے؟



گاندھی جی نے کہا۔

یہ پنسل میرے لیے ایک انمول تحفہ ہے!

وہ کیسے باپو؟

پیارے کاکا! یہ ایک چھوٹے بچّے کا تحفہ ہے۔

اس نے بڑے پیار سے مجھے دیا تھا۔

میرے لیے یہ پنسل بہت قیمتی ہے۔

# تعلیمی سرگرمیاں

بچّو، کہانی 'انمول تحفہ' غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے ۔

(۱) گاندھی جی کو ہم پیار سے کیا پکارتے ہیں ؟

..........................................................

(۲) کاکا کالیلکر کون تھے؟

..........................................................

(۳) گاندھی جی کیا تلاش کر رہے تھے ؟

..........................................................

(۴) آخر پنسل کہاں سے ملی ؟

..........................................................

(۵) باپو جی کے لیے پنسل کیوں قیمتی تھی ؟

..........................................................

بچّو، گفتگو غور سے پڑھیے اور رول پلے کیجیے ۔

کاکا کالیلکر : آداب باپو جی ۔

گاندھی جی : آداب کاکا، آپ کیسے ہیں ؟

کاکا : میں ٹھیک ہوں ۔ آپ کیا تلاش کر رہے ہیں ؟

باپو جی : میری ایک پنسل گُم ہو گئی ہے ۔

کاکا : اچھا ۔ یہ لیجیے میری پنسل۔

گاندھی جی : نہیں کاکا۔ مجھے وہی پنسل چاہیے ۔

کاکا : کیوں باپو جی ؟

گاندھی جی : وہ پنسل میرے لیے ایک انمول تحفہ ہے۔



بچّو! گاندھی جی کے بارے میں پڑھیے۔



یہ گاندھی جی ہیں۔
گاندھی جی کا پورا نام
موہن داس کرم چند گاندھی ہے۔
وہ ہمارے بابائے قوم ہیں۔

بچّو! اِن کو پہچانیے یہ کون کون ہیں؟
اِن کے بارے میں چند جملے لکھیے۔



یہ نہرو ہیں۔

.............................................

.............................................

.............................................



یہ آزاد ہیں۔

.............................................

.............................................

.............................................

بچو ! یہ کلینڈر دیکھیے۔

روبی نے چند تاریخوں پر نشان لگایا ہے۔

| اکتوبر ۲۰۲۴ | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | سنیچر |
| | | ۱ ایک | ۲ دو | ۳ تین | ۴ چار | ۵ پانچ |
| ۶ چھ | ۷ سات | ۸ آٹھ | ۹ نو | ۱۰ دس | ۱۱ گیارہ | ۱۲ بارہ |
| ۱۳ تیرہ | ۱۴ چودہ | ۱۵ پندرہ | ۱۶ سولہ | ۱۷ سترہ | ۱۸ اٹھارہ | ۱۹ انّیس |
| ۲۰ بیس | ۲۱ اکیس | ۲۲ بائیس | ۲۳ تیئیس | ۲۴ چوبیس | ۲۵ پچیس | ۲۶ چھبّیس |
| ۲۷ ستائیس | ۲۸ اٹھائیس | ۲۹ انتیس | ۳۰ تیس | ۳۱ اکتیس | | |

ST-433-4-URDU-5

## بتایئے وہ کون کون سے دن ہیں؟

جیسے :٦/ اکتوبر اتوار کا دن ہے۔

٧ / اکتوبر ................ کا دن ہے۔

١۵ / اکتوبر ................ کا دن ہے۔

٢ / اکتوبر ................ کا دن ہے۔

٢۴ / اکتوبر ................ کا دن ہے۔

١٨ / اکتوبر ................ کا دن ہے۔

٢٦ / اکتوبر ................ کا دن ہے۔

اکتوبر کے مہینے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

..........................................................

ایک ہفتے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

..........................................................

گاندھی جینتی کب مناتے ہیں ؟

..........................................................

## اشاروں کی مدد سے خانہ پُری کیجیے۔

| | |
|---|---|
| پانچ | ۵ |
| ...................... | ۱۰ |
| ...................... | ۱۵ |
| ...................... | ۲۰ |
| ...................... | ۲۵ |

## دیگر سرگرمی

بچّو! نیچے ڈاک ٹکٹ دیے گئے ہیں۔

اس طرح قومی لیڈروں کے ڈاک ٹکٹ جمع کرکے البم تیار کیجیے۔









## سبق ۵

ٹیچر ! کل اسکول میں کھیل کود کا دن ہے نا؟

ہاں بچّو ! آپ سب اس میں ضرور حصّہ لیں۔

ٹیچر! ثانیہ کھیل کے بارے میں ایک گیت سنائے گی۔

شاباش ثانیہ! ہم سب یہ گیت مل کر گائیں گے۔






# آؤ! مل کر کھیلیں



آؤ بچّو مل کر کھیلیں
آنکھ مچولی مل کر کھیلیں
کرکٹ کھیلیں فٹ بال کھیلیں
ہنسی خوشی سے مل کر کھیلیں
ہاکی کھیلیں کبڈی کھیلیں
اچھلیں کودیں جوش سے کھیلیں
چُھپا چُھپی چُھپ کر کھیلیں
اندر باہر ہوش سے کھیلیں
آؤ بچّو مل کر کھیلیں
آپس میں ہم مل کر کھیلیں







# تعلیمی سرگرمیاں



بچّو! نظم 'آؤ مل کر کھیلیں' ترنّم کے ساتھ مل کر گائیں۔

بچّو! نظم 'آؤ مل کر کھیلیں' غور سے پڑھیے۔



اس میں چند کھیلوں کے نام آئے ہیں۔وہ چن کر لکھیے۔

جیسے: چُھپا چُھپی ............... ...............

............... ............... ...............




نیچے چند کھیل اور کھیل کے آلات کے نام ہیں۔
ان کو جوڑ کر لکھیے۔

| | |
|---|---|
| فٹ بال | بلّا |
| ہاکی | شٹل بیٹ |
| کرکٹ | گیند |
| شٹل | ہاکی اسٹک |









مثال کے مطابق جملے لکھیے۔


جیسے : بلّے سے کرکٹ کھیلتے ہیں ۔

.............................................

.............................................

.............................................

بچّو! کبڈی کے بارے میں نیچے چند جملے دیے ہیں ۔
غور سے پڑھیے۔



## کبڈی

کبڈی ایک اچھا کھیل ہے ۔

یہ میدان میں کھیلتے ہیں ۔

دو ٹیم بن کر کبڈی کھیلتے ہیں۔

ایک ٹیم میں سات کھلاڑی ہوتے ہیں ۔

بچّو، اپنے پسندیدہ کھیل کے بارے میں لکھیے ۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

تصویر کی مدد سے جملے مکمّل کیجیے۔



دانت    ناک    آنکھ    کان

ہم .................. سے سنتے ہیں۔

ہم .................. سے دیکھتے ہیں ۔

ہم .................. سے چباتے ہیں۔

ہم .................. سے سونگھتے ہیں۔

 بچّو، اردو حروف کا پیڑ دیکھیے۔ ان حروف کو جوڑ کر الفاظ بنائیے اور ان کی مدد سے جملے لکھیے۔



جیسے: ٹیلی وژن ............... ...............

............... ............... ...............

............... ............... ...............

جیسے: یہ ٹیلی وژن ہے۔

..........................................................

..........................................................


..........................................................

# فرہنگ

| | | |
|---|---|---|
| اتوار | Sunday | ഞായർ |
| اچھلنا کودنا | Jumping and Hopping | തുള്ളിച്ചാടുക |
| امرود | Guava | പേരക്ക |
| اندر | Inside | ഉള്ളിൽ |
| انمول | Precious | അമൂല്യം |
| آج | Today | ഇന്ന് |
| آنکھ مچولی | | കണ്ണു പൊത്തിക്കളി |
| بدھ | Wednesday | ബുധനാഴ്ച |
| بننا | Make | നിർമ്മിക്കുക |
| پانا | Get | ലഭിക്കുക |
| پڑھنا | Reading | വായിക്കുക |
| پوچھنا | Ask | ചോദിക്കുക |
| پودا لگانا | Planting | ചെടിനടുക |
| پہنچنا | Reach | എത്തുക |
| پیر | Monday | തിങ്കളാഴ്ച |
| تالیاں بجانا | Clap | കൈ കൊട്ടുക |
| تحفہ | Gift | സമ്മാനം |
| تربوز | Watermelon | തണ്ണിമത്തൻ |
| تلاش کرنا | Search | അന്വേഷിക്കുക |
| جلدی | Immediately | വേഗത്തിൽ |
| جمعہ | Friday | വെള്ളിയാഴ്ച |
| جمعہ رات | Thursday | വ്യാഴം |
| جنم دن/ سال گرہ | Birth day | ജന്മദിനം |
| جوڑنا | Connect | യോജിപ്പിക്കുക |
| جھولا جھولنا | Swinging | ഊഞ്ഞാലാടുക |
| چھپا چھپی | Hide and Seek | ഒളിച്ചുകളി |
| حصّہ لینا | Take part | പങ്കെടുക്കുക |
| ختم | End | അവസാനം |
| خوب صورت | Beautiful | ഭംഗിയുള്ള |
| دائرہ | Circle | വൃത്തം |
| رحم | Kind | കരുണ |
| سچّا | Honest | സത്യസന്ധനായ |
| سنیچر | Saturday | ശനി |
| سوچنا | Think | ആലോചിക്കുക |
| ضرور | Definitely | തീർച്ചയായും |
| قیمتی | Precious | വിലപിടിപ്പുള്ള |
| کون سا | Which | ഏത് |
| گم ہونا | Lose | നഷ്ടപ്പെടുക |
| مہینہ | Month | മാസം |
| ہفتہ | Week | ആഴ്ച |
| ہنسی خوشی | Happy | സന്തോഷം |
| ہوش | Conscious | ബോധം |

یونٹ ۳

# مِلیں جُلیں



سبق ۱

بازار میں بہت بھیڑ ہے۔

گاڑیاں پوں پوں کرتی ہیں۔

لوگ سامان خریدنے اور بیچنے کے لیے آتے جاتے ہیں۔

جاوید اپنے بیٹے فرحان کے ساتھ بازار پہنچا۔

"دیکھ کر چلو بیٹا! گاڑیاں تیزی سے آرہی ہیں۔"

دونوں دکان پہنچے۔ دکان دار پوچھنے لگا۔



# بازار چلیں

دکان دار: آیئے صاحب! کیا چاہیے؟

جاوید : کیلا چاہیے۔ کیلے کے دام کیا ہیں ؟

دکان دار: ایک کِلو چالیس روپے۔

جاوید : دو کلو کیلے دیجیے۔

دکان دار: اور کیا چاہیے؟

جاوید : ایک کلو انگور دیجیے۔
کُل کتنے ہوئے؟

دکان دار: ایک سو بیس روپے۔

جاوید : یہ لیجیے پیسے۔



پھل خرید کر دونوں پنساری کی دکان پر گئے۔

دکان دار: آداب صاحب! کیا چاہیے؟

جاوید : چار کلو چاول اور آدھا کلو دال۔

دکان دار: اور کیا چاہیے؟

جاوید : ایک لِٹر ناریل کا تیل۔

فرحان : ابّو! مجھے گیند چاہیے!

جاوید : ہاں بیٹا! نادرہ کے لیے گڑیا بھی لے لیں گے۔




# تعلیمی سرگرمیاں



بچّو! گفتگو ''آؤ! بازار چلیں'' کو رول پلے کیجیے۔



نیچے چند چیزیں ہیں۔ ان کو مناسب دکان میں چن کر رکھیے۔




| ترکاری کی دکان | پھل کی دکان | پنساری کی دکان |
| --- | --- | --- |
| ................... | ................... | ................... |
| ................... | ................... | ................... |
| ................... | ................... | ................... |
| ................... | ................... | ................... |
| ................... | ................... | ................... |




# کھلونے کی دکان


فرحان اور ابّو کھلونے کی دکان پہنچے۔

فرحان کو دیکھ کر دکان دار پوچھنے لگا۔

دکان دار : کیا چاہیے بیٹا؟

فرحان : گڑیا کا کیا دام ہے؟

دکان دار : ......................................

فرحان : ٹوپی کا......................................؟

دکان دار : ......................................

فرحان : کُل کتنے ہوئے؟

دکان دار : ......................................

| |
|---|
| گیند |
|  |
| ۱۵ روپے |
| ٹوپی |
|  |
| ۱۰ روپے |
| گڑیا |
|  |
| ۲۰ روپے |


اشاروں کی مدد سے فرحان اور دکان دار کی گفتگو تیار کیجیے۔

نیچے دیے گئے جملے پڑھیے اور گاڑیوں کے نام مناسب جگہ پر لکھیے۔



بس



ہوائی جہاز



جہاز



ریل گاڑی

| | |
|---|---|
| پٹری پر میں چلتی ہوں۔<br>ہر اسٹیشن پر رُکتی ہوں۔ | ........................ |
| سڑک پر میں چلتی ہوں۔<br>بس اڈّے پر رُکتی ہوں۔ | ........................ |
| میں ہوا میں اڑتی ہوں۔<br>ہوائی اڈّے پر رُکتی ہوں۔ | ........................ |
| میں پانی میں بہتی ہوں۔<br>بندرگاہ میں رُکتی ہوں۔ | ........................ |

ST-433-3-URDU-5

تصویر غور سے دیکھیے، اس میں آپ کیا کیا دیکھتے ہیں؟ لکھیے۔



جیسے : دکان .................. .................. ..................

تصویر کی مدد سے بازار کے بارے میں ایک بیانیہ تیار کیجیے۔

جیسے: یہ بازار ہے۔

بازار میں ....................................

..............................................

..............................................

..............................................

..............................................

## سبق ۲

آج کتب خانے میں کہانی گوئی کا مقابلہ ہے۔
فرحان کتب خانہ پہنچا اور کہانی سنانے لگا۔



# گھر بنائیں

جنگل میں ایک ہرن رہتا تھا۔

وہ ایک گھر بنانا چاہتا تھا۔

اس نے اپنی دوست بکری سے کہا۔

''بہن، مجھے ایک گھر چاہیے...!''


''ٹھیک ہے، میں تمھاری مدد کروں گی''۔

بکری نے کہا۔

''تم چھت کے لیے گھاس لے کر آؤ۔

میں اپنے سینگوں سے مٹی کھودوں گا''۔

ہرن نے خوش ہوکر کہا۔




دونوں آگے بڑھے۔

پہاڑ کے پاس ایک ہری بھری جگہ پسند کی۔

دونوں مل کر گھر بنانے لگے۔

یہ دیکھ کر ایک بندر آیا اور کہنے لگا۔



’’میں بھی تمھاری مدد کروں گا‘‘

’’تم کیا مدد کرو گے بندر میاں؟‘‘

ہرن اور بکری نے ایک ساتھ پوچھا۔

’’میں لکڑیاں لے کر آؤں گا‘‘۔بندر نے جواب دیا۔



''اچھا! آؤ، ہم مل کر گھر بنائیں''۔ ہرن نے کہا۔

اتنے میں خرگوش اچھلتا کودتا آیا۔

''میں بھی تمھاری مدد کروں گا''۔



''تم کیا کرو گے یار...؟''

ہرن نے پوچھا۔

''میں اپنے دانتوں سے

لکڑی کاٹوں گا''۔ خرگوش بولا۔



اس وقت ایک کتّے نے بھاؤں ! بھاؤں !! کر کے پوچھا۔

’’آپ سب یہاں کیا کر رہے ہیں‘‘ ؟

’’ہم ہرن کے لیے گھر بنا رہے ہیں‘‘

سب ایک ساتھ بولے۔



’’اچھا! میں بھی تمھاری مدد کروں گا‘‘۔ کتّے نے کہا۔


’’آپ ہمارے لیے کیا کریں گے؟‘‘

خرگوش نے پوچھا۔

’’میں تمھارا چوکی دار بنوں گا‘‘



سب نے مل کر گھر بنایا۔
ہرن نے سب کا شکریہ ادا کیا۔
نئے گھر میں ہرن خوشی خوشی رہنے لگا۔



# تعلیمی سرگرمیاں

کہانی 'گھر بنائیں' آپ کو کیسی لگی؟

بچّو، دوستوں نے مل کر ہرن کے لیے گھر بنایا۔

ہرن کے دوست کون کون ہیں؟ لکھیے۔

................ .................. .................. ..............

گھر بنانے میں ہر ایک جانور کیا کیا مدد کرتے ہیں؟

اشاروں کی مدد سے جملے پورا کیجیے۔

(چوکی دار، لکڑی ، دانت ، گھاس ، پانی)

جیسے: ہرن اپنے سینگوں سے مٹی کھودتا ہے۔

بندر گھر کے لیے.................... لاتا ہے۔

خرگوش ....................سے لکڑی کاٹتا ہے۔

کتّا گھر کا..... ...........................ہے۔

بکری چھت کے لیے..............لاتی ہے۔

کہانی ''گھر بنائیں'' غور سے پڑھیے اور نیچے کی گفتگو تیار کیجیے۔

جنگل میں پیڑ کے نیچے ہرن اداس بیٹھا تھا۔

ہرن کو دیکھ کر بکری ، بندر ، خرگوش اور کتّا پاس آئے اور پوچھنے لگے۔



(لکڑی ، چوکی دار ، گھاس ، شکریہ)

بکری : آداب ہرن میاں! تم اداس کیوں ہو؟



ہرن : آداب دوستو! مجھے ایک گھر چاہیے۔

بکری : ہم تمھاری مدد کریں گے۔

ہرن : آپ لوگ کیا مدد کریں گے؟

بکری : میں.....................لاؤں گی۔

ہرن : بندر میاں! تم کیا لاؤ گے؟



بندر : .....................لاؤں گا۔

ہرن : ارے خرگوش میاں! تم کیا کرو گے؟

خرگوش : .....................کاٹوں گا۔

ہرن : ارے یار! آپ ہمارے لیے کیا کریں گے؟

کتّا : .....................بنوں گا۔

ہرن : ..............................



بچّو! ماسک تیار کر کے ہرن اور اس کے دوستوں کی گفتگو رول پلے کیجیے۔

جانوروں اور پرندوں کی تصویریں جمع کر کے البم تیار کیجیے۔





سبق ۳

اگلے دن فرحان کے دوست ارجن گھر آیا۔

فرحان ! فرحان!!

کیا بات ہے ارجن!

شہر میں سرکس آیا ہے۔

وہاں پر ہاتھی ، بھالو اور جادوگر کے کھیل ہوں گے۔

ہم سرکس دیکھنے جائیں گے۔ بڑا مزہ آئے گا۔

دونوں سائیکل پر گیت گاتے ہوئے سرکس دیکھنے گئے۔





# سرکس آیا





سرکس آیا سرکس آیا
بچّوں نے ہے شور مچایا
اونچے اونچے جھولے دیکھے
جھول رہے تھے لڑکی لڑکے
بھالو سائیکل لے کر آیا
سائیکل کو پھر اس نے چلایا
جادوگر بھی اک تھا آیا
جس نے ایسا کھیل دکھایا
ہاتھی کو بھی ناچتے دیکھا
تار پہ انساں چلتے دیکھا







# تعلیمی سرگرمیاں

نظم 'سرکس آیا' ترنّم کے ساتھ مل کر گائیں ۔

نیچے دیے گئے اشعار پڑھ کر ہم آواز الفاظ لکھیے ۔

بندر نے ہے شادی رچایا　　شادی میں ہے سب کو بلایا
بکری میں میں کرتی آئی　　ساتھ وہ اپنے تحفے لائی
شیر ذرا کچھ دیر سے آیا　　سب نے مل کر کھانا کھایا

جیسے: رچایا　بلایا

۱)........... ...........　۲) ........... ...........

نظم 'سرکس آیا' غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے ۔

بھالو کیا چلا رہا ہے؟ ..............................................

سرکس میں کون ناچتا ہے؟ ..............................................

کون جھولا جھول رہے ہیں؟ ..............................................

سرکس میں تار پر کون چلتا ہے؟ ..............................................



## تصویر کی مدد سے شعر پورا کیجیے۔



کتّا　　　　تو تا　　　　گھوڑا

سرکس آیا سرکس آیا
بچوں نے ہے شور مچایا
.................. نے بھی گاڑی چلائی
.................. نے بھی دوڑ لگائی
آگ کے گولے جلتے دیکھے
کودتے جن سے .................. دیکھے




## بچّو، تصویر دیکھ کر جانوروں کے نام لکھیے۔



.................. .................. ..................

نیچے کی تصویر کو رنگ بھریے
اور جملے پڑھیے۔



جیسے:

یہ زرافہ ہے۔
یہ ایک جنگلی جانور ہے۔
زرافہ پتّے کھاتا ہے۔
زرافہ کی گردن لمبی ہے۔

کسی پسندیدہ جانور کی تصویر بنا کر رنگ بھریے اور اس کے
بارے میں چند جملے لکھیے۔

.......................................

.......................................

.......................................

.......................................

.......................................

سبق ۴

ابّا جان! آج چھٹّی کا دن ہے۔

ہم سمندر دیکھنے جائیں؟

فرحان کی بہن نادرہ نے پوچھا۔

ٹھیک ہے نادرہ بیٹی۔

شام کو ہم سب مل کر جائیں گے!

دادی امّاں کو بھی ساتھ لے جائیں گے۔ فرحان نے کہا۔

سمندر کا نیلا پانی دیکھ کر نادرہ بہت خوش ہوئی۔



# سمندر کی سیر

یہ نیلا نیلا سمندر ہے۔

ٹھنڈی ٹھنڈی ہوائیں چل رہی ہیں۔

آسمان میں پرندے اُڑ رہے ہیں۔

سمندر میں لہریں اٹھ رہی ہیں۔

پانی میں کشتیاں چل رہی ہیں۔

مچھیرے مچھلیاں پکڑ رہے ہیں۔




ST-433-2-URDU-5

سمندر کے کنارے بچّے پتنگ اڑا رہے ہیں۔

کچھ لوگ رنگ برنگے غبارے بیچ رہے ہیں۔

بچّے ریت کے گھر بنا رہے ہیں۔

دھیرے دھیرے سورج سمندر میں ڈوب رہا ہے۔

واہ ! یہ منظر کتنا خوب صورت ہے!!

## تعلیمی سرگرمیاں



خانہ الف کو خانہ ب سے ملا کر مناسب جملے بنایئے۔

| الف | ب |
|---|---|
| مچھیرا | کپڑے سلتا ہے |
| درزی | مچھلی پکڑتا ہے |
| کسان | مٹی کے برتن بناتا ہے |
| کمہار | سونے کے زیور بناتا ہے |
| سنار | کھیت میں کام کرتا ہے |

جیسے: مچھیرا مچھلی پکڑتا ہے۔

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................



مناسب الفاظ کی مدد سے جملے تیار کیجیے۔

(ہرے بھرے، اونچے اونچے، نیلا نیلا، ٹھنڈی ٹھنڈی)

جیسے:

آسمان نیلا نیلا ہے۔

یہ.......................................کھیت ہیں۔

صبح کے وقت ..........................ہوائیں چل رہی ہیں۔

جنگل میں..................................پیڑ ہیں۔



بچّو، یہ ایک پارک ہے۔

پارک میں آپ کیا کیا دیکھتے ہیں؟ ان کے نام لکھیے۔

جیسے: جھولا ....................

.................... ....................

پارک کے بارے میں بیانیہ تیار کیجیے۔

جیسے: یہ ایک پارک ہے۔

پارک میں ....................................................

.............................................................

.............................................................



بچّو، تصویر غور سے دیکھیے۔

یہ نادرہ کی ایک دن کی ڈائری ہے۔



صبح چھ بجے جاگتی ہوں۔



ہاتھ منہ دھوتی ہوں۔



ناشتہ کرتی ہوں۔



نو بجے اسکول جاتی ہوں۔



شام کو کھیلتی ہوں۔



رات کو دس بجے سوتی ہوں۔

 آپ بھی اپنے ایک دن کی ڈائری تیار کیجیے۔


میں صبح ..................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

 بچّو، تصویر غور سے دیکھیے۔ اس میں ایک جاندار چھپا ہوا ہے۔
نقطوں کو ترتیب کے ساتھ جوڑ کر پہچانیے۔ اس کا نام لکھیے۔



یہ ایک .................................. ہے۔

.......................... پانی میں تیرتی ہے۔

سمندر میں .................................. ہے۔

..............................................................

## سبق ۵

گھر واپس آنے کے بعد نادرہ نے کہا۔

دادی امّاں ! سمندر میں بہت زیادہ پانی ہے۔

ہاں بیٹی! لیکن ہمارے گاؤں میں پینے کا پانی بہت کم ہے۔

پانی انمول ہوتا ہے۔ آؤ! میں تمھیں ایک کہانی سناتی ہوں۔



# پانی سب کے لیے

گرمی کا موسم تھا۔

گاؤں کے سارے کنویں سوکھ گئے تھے۔

لوگ پریشان تھے۔ ہر جگہ پانی کی کمی تھی۔

اُس گاؤں میں ایک لالچی آدمی رہتا تھا۔



اس کے پاس ایک کنواں تھا۔

جس میں بہت زیادہ پانی تھا۔

وہ سوچنے لگا۔

'پانی بیچ کر میں مال دار بن سکتا ہوں'۔

وہ لوگوں کو پانی بیچنے لگا۔



ایک دن گاؤں میں ایک نیک آدمی آیا۔

گاؤں والوں کی پریشانی دیکھ کر اس کے دل میں رحم آیا۔

وہ لالچی آدمی کے پاس گیا۔

زیادہ پیسے دے کر کنواں خرید لیا۔

ایک دن لالچی آدمی کو پانی کی ضرورت ہوئی۔

وہ پانی لینے کے لیے کنویں کے پاس آیا۔

نیک آدمی نے اسے پانی دیتے ہوئے کہا۔

''یہاں کا پانی سب کے لیے مفت ہے''۔

یہ سن کر لالچی آدمی بہت شرمندہ ہوا۔



# تعلیمی سرگرمیاں

بچّو، کہانی 'پانی سب کے لیے' غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

لالچی آدمی کے پاس کیا تھا؟

.....................................................

نیک آدمی نے کنواں خرید کر کیا کِیا؟

.....................................................

لالچی آدمی کیوں شرمندہ ہوا؟

.....................................................

بچّو، پانی ہمارے لیے بہت ضروری ہے۔
پانی کہاں کہاں سے ملتا ہے؟

جیسے: ندی ......................

...................... ......................

 نیچے چند الفاظ دیے گئے ہیں۔ غور سے پڑھیے اور ان الفاظ کی مدد سے جملے پورا کیجیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| چھوٹا | پیچھے | کم | بڑا | زیادہ | آگے |



جیسے: بس کے آگے سائیکل ہے۔



کار کے پیچھے سائیکل ہے۔



گلاس میں پانی .......... ہے۔



گلاس میں پانی .......... ہے۔



یہ .............. پیڑ ہے۔



یہ .............. پیڑ ہے۔



بچّو، پانی انمول ہے۔ہم پانی سے کیا کیا کرتے ہیں؟

اشاروں کی مدد سے جملے تیار کیجیے۔

( کھانا پکاتی ہے ، صفائی کرتا ہے ، نہاتا ہے )



پانی سے کپڑا دھوتی ہے۔



.......................................................



........................................




.............................................

 بچّو! اشاروں کی مدد سے کہانی لکھیے۔

اشارے: منہ میں پانی بھر آیا ، انگور کھٹے ہیں

توڑنے کی کوشش کی ، مایوس ہوئی



ایک لومڑی جنگل میں چل رہی تھی۔ چلتے چلتے وہ انگور کے

باغ میں .............................................................................

.................................................................................

.................................................................................

 بچّو، کہانی 'پانی سب کے لیے' آپ نے پڑھی ہے نا؟

اسی طرح کی چھوٹی چھوٹی کہانیاں جمع کر کے کلاس میں پیش کیجیے۔

# فرہنگ

| | | |
|---|---|---|
| ഉയരമുള്ള | Tall | اونچا |
| പകുതി | Half | آدھا |
| ആകാശം | Sky | آسمان |
| തീ | Fire | آگ |
| തുറമുഖം | Sea port | بندرگاہ |
| തിരക്ക് | Crowd | بھیڑ |
| വിൽക്കുക | To sell | بیچنا |
| റെയിൽ പാളം | Rail track | پٹری |
| പിടിക്കുക | To catch | پکڑنا |
| പലചരക്കുകട | Grocery shop | پنساری کی دکان |
| പർവ്വതം | Mountain | پہاڑ |
| കുടിക്കുക | To drink | پینا |
| കമ്പി | Coil | تار |
| വേഗത | Speed | تیزی |
| എണ്ണ | Oil | تیل |
| മാന്ത്രികൻ | Magician | جادوگر |
| സ്ഥലം | Place | جگہ |
| കത്തുക | Burn | جلنا |
| കാട് | Forest | جنگل |
| മാന്ത്രികൻ | Magician | جادوگر |
| മേൽക്കൂര | Roof | چھت |
| അവധി | Leave | چھٹی |

| | | |
|---|---|---|
| കാവൽക്കാരൻ | Watchman | چوکی دار |
| വില | Price | دام |
| പരിപ്പ് | Lentil | دال |
| തയ്യൽക്കാരൻ | Tailor | درزی |
| മണൽ | Sand | ریت |
| കൊമ്പ് | Horn | سینگ |
| ചിന്തിക്കുക | Think | سوچنا |
| മധുരന്നരങ്ങ | Orange | سنترہ |
| സ്വർണ്ണപണിക്കാരൻ | Goldsmith | سنار |
| ആകെ | Total | کُل |
| ലൈബ്രറി | Library | کتب خانہ |
| മുറിക്കുക | To cut | کاٹنا |
| പുല്ല് | Grass | گھاس |
| വേനൽ | Summer | گرمی |
| തിരമാല | Wave | لہر |
| അത്യാഗ്രഹം | Greedy | لالچی |
| മത്സരം | Competition | مقابلہ |
| മുക്കുവൻ | Fisherman | مچھیرا |
| ദൃശ്യം | Scenery | منظر |
| കാലാവസ്ഥ | Climate | موسم |
| പച്ചപിടിച്ച | Greenery | ہرا بھرا |
| വിമാനത്താവളം | Airport | ہوائی اڈّا |

# حروف تہجی

ا

ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ

د ڈ ذ

ر ڑ ز ژ

س ش ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک گ ل

م ن و ہ ی ے

# بھارت کا آئین

((حصہء چہارم (A))

بنیادی فرائض :

۵۱ A بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ

۱) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

۲) ان اعلیٰ مقاصد کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

۳) بھارت کے اقتدار اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرکے ان کا تحفظ کرے۔

۴) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے، قومی خدمت انجام دے۔

۵) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

۶) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اسے برقرار رکھے۔

۷) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے، بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

۸) دانشورانہ رویّے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی و اصلاحی شعور کو فروغ دے۔

۹) قومی جائداد کا تحفّظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

۱۰) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے اور متواتر ترقی سے کامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرم عمل رہے۔

۱۱) جو والدین یا سرپرست ہیں ان کا فرض ہے کہ وہ بچّوں کو جن کی عمر چھ سال اور چودہ سال کے درمیان ہے، تعلیم کے مواقع فراہم کریں۔

# بچّوں کے حقوق

- گفتگو کرنے اور اپنے خیالات کو ظاہر کرنے کی آزادی کا حق۔
- جان اور شخصی آزادی کی حفاظت کا حق۔
- لا پرواہی اور غفلت سے بچنے کا حق۔
- اپنی تہذیب کو جاننے اور اس کے مطابق زندگی گزارنے کی آزادی کا حق۔
- ذات پات، مذہب، طبقہ، رنگ کے خیالات سے قطع نظر ہر ایک سے عزّت و احترام پانے کا حق۔
- دماغی جسمانی اور جنسی ایذا رسانی سے تحفظ اور احتیاط برتنے کا حق۔
- بچہ مزدوری اور خطرناک کام کاج سے چھٹکارا پانے کا حق۔
- مفت اور لازمی تعلیم حاصل کرنے کا حق۔
- وجود اور مکمّل نشوونما کا حق۔
- حصہ داری کا حق۔
- بچپن کی شادی سے حفاظت کا حق۔
- کھیلنے اور پڑھنے کا حق۔
- ایسے خاندان وسماجی ماحول میں پرورش پانے کا حق جس میں پیار ومحبت وحفاظت ہو۔

## چند اہم ذمّہ داریاں

- اسکول اور عام انتظامات وغیرہ کی حفاظت کرنا۔
- اسکول اور تعلیمی سرگرمیوں میں پابندی سے حصہ لینا۔
- اسکول کے حکام، اساتذہ، والدین اور اپنے ہم جماعتوں کی عزّت و احترام کرنا اور انہیں ماننا۔
- ذات پات، مذہب، طبقہ، رنگ کے خیالات سے قطع نظر دوسروں کی عزّت و احترام کرنے اور انھیں ماننے کے لیے تیار ہونا۔


**پتہ**

کیرلا سمستھانا بالاوکاشہ سمرکشنہ کمیشن

'سری گنیش' ٹی۔سی 2036/14 وان روس جنکشن

کیرلا یونیورسٹی (پی،او) تروونتاپورم 04712326603

ای میل: childrights.cpcr@kerala.gov.in, rte.cpcr@kerala.gov.in

ویب سائٹ www.kescpcr.kerala.gov.in

چیلڈ ہیلپ لائن 1098 کرائم اسٹوپر 1090 نربھیہ 18004251400

کیرلا پولیس ہیلپ لائن 0471-3243000/44000/45000


online R.T.E Monitoring:www.nireekshana.org.in



ST-433-1-URDU-5